حمل: آنگن واڑی سینٹر پر جلد سے جلد رجسٹریشن

رجسٹریشن:

- حمل ٹھہرنے کے پہلے تین مہینوں کے اندر حاملہ عورت کو مددگار نرس/ دائی (اے این ایم) اور آنگن واڑی کارکن کے پاس رجسٹریشن ضروری ہے۔
- تاہم، اگر کوئی حاملہ عورت دیر سے رجسٹریشن کرانے کے لئے آتی ہے تو اسے منع نہیں کیا جانا چاہئے، اُس کا رجسٹریشن ضرور کرنا چاہئے اور اس کے حمل کی مدت کے مطابق اُس کی دیکھ بھال کی جانی چاہئے۔
- مددگار نرس دائی/ آنگن واڑی کارکن کے ذریعے ماں اور بچے کے تحفظ کارڈ میں درج سبھی باتوں کی اہمیت اور اس سے متعلق تمام جانکاری دی جانی ضروری ہے اور حاملہ عورت/ یا اس کے گھر والوں کو اگر کوئی بات سمجھ نہ آئے تو انہیں سوالات کرنے اور زیادہ جانکاری حاصل کرنے کے لئے حوصلہ افزائی کرنی چاہئے۔

آنگن واڑی سینٹر میں جلد رجسٹریشن کرانے کے فائدے

• • •

- باقاعدگی سے صحت کی جانچ
- ہر مرتبہ پیشاب اور خون کی جانچ
- اندرا گاندھی ماتریتو سہیوگ یوجنا اور جننی سُرکشا یوجنا اسکیموں کے تحت فائدہ حاصل کرنے کے حقدار
- آنگن واڑی سینٹر میں متعلقہ سہولیات کے دستیابی
- ضرورت پڑنے یا ایمرجنسی کی صورت میں اسقاط حمل کی خدمات کا بروقت حصول

کیا کرنا چاھئے

- گھروں میں جا کر رابطہ کریں، خاص طور پر نئے شادی شدہ جوڑوں اور حاملہ ماؤں سے ملیں انہیں آنگن واڑی سینٹر میں جلد رجسٹریشن کرانے کے فائدوں کے بارے میں بتائیں۔
- اپنے علاقے میں سبھی حاملہ عورتوں کا پتہ لگائیں۔
- ولیج ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن ڈے کے لئے سیلف ہیلپ گروپوں، مدرس کمیٹیوں اور بچوں کی ترقی کی مربوط خدمات اسکیم کے ذریعے فائدہ حاصل کرنے والی عورتوں کو آنگن واڑی معاون/منظور شدہ سماجی صحت کارکن (آشا) کے ذریعے متحرک بنائیں۔
- حاملہ عورت اور اس کے گھر والوں کو آنگن واڑی سینٹر میں جلد رجسٹریشن کرانے کے بارے میں بتائیں اور مشورہ دیں۔
- رجسٹرڈ حاملہ ماؤں اور ان کو دیئے جانے والے فائدوں کا ریکارڈ رکھیں۔

مددگار نرس دائی/ آنگن واڑی کارکن یقینی بنائیں کہ

- تمام حاملہ عورتوں کا رجسٹریشن آنگن واڑی سینٹر میں کیا جائے اور زچگی سے قبل تین بار کی جانچ کی سہولت کی خدمات آسانی سے مہیا کرائی جائے۔
- ماں اور بچے کے تحفظ کارڈ میں حمل ٹھہرنے کے مہینے سے متعلق کالم میں رجسٹریشن کی تفصیلات درج کی جائے۔
- آنگن واڑی کارکن نے اپنی متعلقہ آنگن واڑی سینٹر، سب سینٹر یا پرائمری ہیلتھ سینٹر کے رجسٹر میں حاملہ عورت کا رجسٹریشن کیا ہے۔
- حاملہ عورتیں زچگی سے قبل جانچ کے لئے مقررہ وقت پر آئیں۔
- ماں اور بچے کے تحفظ کارڈ کو ہر بار ساتھ لائیں اور بار دکھائیں۔